ٹرسٹ جمعیت تعلیم القرآن
TRUST JAMIAT TALIMUL QURAN
JTQ

# ٹرسٹ جمعیت تعلیم القرآن

باتجوید تعلیم القرآن اور ابتدائی دینی تعلیم وتربیت کا منفرد اور ملک گیر ادارہ

**3rd Newsletter**
July to Sep 2025



## VISION

تعلیم القرآن وسنتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی روشنی میں مثالی، باکردار اور باصلاحیت افراد کے ذریعہ ملک وقوم کی ترقی، امت کی سر بلندی اور انسانیت کی فلاح کا حصول

## ہمارا مقصد

**تعلیم**
ملکی سطح پر بچوں اور بڑوں کو باتجوید تعلیم القرآن کی فراہمی۔

**کردار سازی**
بچوں کی ابتدائی دینی تعلیم وتربیت اور ان کو بااخلاق وباصلاحیت مسلمان بنانا

**ٹیچرز ڈیویلپمنٹ**
باصلاحیت وباکردار، شفیق وہمدرد اساتذہ کی تربیت۔

## آئی جی جیل خانہ جات سندھ سے ملاقات
## فلاح وبحالی کے نئے اقدامات

مینیجنگ کمیٹی کے سابقہ چیئرمین جناب محمد صدیق شیخ کی سربراہی میں ٹرسٹ کے وفد نے آئی جی جیل خانہ جات سندھ محترم جناب فدا حسین مستوئی سے ملاقات کی اور جون 2025 میں جیلوں میں ادارے کی خدمات کا مختصر جائزہ پیش کیا ساتھ ہی کراچی کی تین مزید جیلوں میں تعلیمی وفنی خدمات کے لئے تجاویز پیش کیں۔



اسیران کی کردار سازی، خوراک وصحت کے معاملات اور ہنر فاونڈیشن کے اشتراک سے فنی تربیت پر کے لیے خدمات یہ تعاون قیدیوں کی فلاح، بحالی اور ہنرمندی کے فروغ میں اہم سنگِ میل ثابت ہوگا۔ ان شاء اللہ

آئی جی صاحب کی جانب سے تجاویز کو سراہا گیا اور باضابطہ منظوری کے لئے مزید متعلقہ دستاویزات جمع کرانے کے لئے اتفاق کیا گیا۔

0311-11-33-JTQ (587) | info@jtq.edu.pk | JTQTrustOfficial | jtqtrustofficial | www.jtq.edu.pk

# شعبہ خواتین



## اسکول معلمات و ممتحنات کی ٹریننگ:

ماہِ جولائی 2025ء میں اسکول معلمات کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو اُجاگر کرنے کے لیے، Self-Grooming اور Character Development کے حوالے سے 14 روزہ ٹریننگ ورکشاپ منعقد کی گئی جس میں 56 معلمات نے شرکت کی۔ اس تربیت کا مقصد معلمات کی کردار سازی اور شخصیت میں نکھار پیدا کرنا تھا۔ اسکے علاوہ امتحانی عمل کو جدید امتحانی تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے 20 روزہ خصوصی ٹریننگ کروائی گئی۔ جس میں ممتحنات کو جدید تدریسی و امتحانی طریقے سکھائے گئے، تاکہ امتحانات کے نظام میں شفافیت، معیاری بہتری اور وقت و وسائل کے مؤثر استعمال کو یقینی بنایا جا سکے۔




## تربیہ سیشن برائے طالبات:

ماہِ اگست 2025 سے تمام بنات مکاتب میں روزانہ کی بنیاد پر طالبات کی اخلاقی و عملی تربیت کے لئے 10 منٹ تربیہ سیشنز کا آغاز کیا گیا۔ اس سیشن کا مقصد سیرت طیبہ اور اسوہ حسنہ کے ذریعے طلبہ کی کردار سازی کرنا ہے۔



## یوم آزادی کے تحت آزادی کی نعمت کی قدر پر سرگرمی:

13 اگست 2025 کو تمام بنات مکاتب میں طالبات کو قومی تاریخ سے واقفیت دینے اور حب الوطنی کا شعور اُجاگر کرنے کے لئے "آزادی ایک نعمت ہے" کے عنوان سے تربیہ سیشن کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں طالبات کو بذریعۂ کہانی آزادی کی قدر و اہمیت سے روشناس کروایا گیا۔ نیز اختتام میں ملک کی سلامتی کے لئے دعا کروائی گئی۔



AFTER SCHOOL PROGRAM

جستجو

THE SEEKER FINDS

www.justuju.com.pk







## نعمت آزادی اور اس کی اہمیت

بچوں کے ساتھ یومِ آزادی کے حوالے سے ایک نشست رکھی گئی۔ اس موقع پر بچوں کو آزادی کی کہانی ان کی عمر کے مطابق 2 گروپس میں سنائی گئیں۔ انہیں بتایا گیا کہ آزادی کتنی بڑی نعمت ہے اور یہ قربانیوں کے بعد حاصل ہوئی۔ کہانی کو مزید دلچسپ بنانے کے لیے علامہ اقبال کی نظم پرندے کی فریاد کو کہانی کے انداز میں شامل کیا گیا تا کہ بچوں کے دلوں میں وطن کی محبت اور خوابِ آزادی کا پیغام اتر سکے۔

نشست کے بعد بچوں سے وطن عزیز کے لئے دعا کروائی گئی اور ان کے لیے رنگ برنگی سرگرمیاں رکھی گئیں۔ فیس پینٹنگ میں بچوں نے سبز ہلالی پرچم اپنے چہروں پر بنوایا، ہاتھوں میں جھنڈے تھامے اور آرٹ ورک کروایا گیا۔ اس سرگرمی نے ان کے دلوں میں وطن سے محبت کا جذبہ اور بھی بڑھا دیا۔ آزادی کا مطلب باجے بجانا اور ناچ گانا نہیں ہوتا ہے بلکہ لوگوں کا احساس کرنا، خیال کرنا اور اپنے ملک کو صاف رکھنا اپنے وطن کا خیال رکھنا ہے۔ یہ پروگرام بچوں کے لیے نہ صرف معلوماتی تھا بلکہ خوشی اور جوش و جذبے سے بھرپور رہا، جس نے انہیں اپنی آزادی کی قدر کرنے اور وطن کی خدمت کا عزم کرنے پر آمادہ کیا۔







مدرسہ تعلیم القرآن
عالمگیر مسجد بہادرآباد
زیر انتظام
ٹرسٹ جمعیت تعلیم القرآن

مدرسہ تعلیم القرآن عالمگیر مسجد میں یوم پاکستان کے سلسلہ میں ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں مدرسہ کے طلباء نے حصہ لیا، اس تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا، بعد از تلاوت تقاریر، نظمیں اور قومی ترانہ پڑھا گیا، اور دعا پر تقریب اختتام پزیر ہوئی۔



# ٹرسٹ کے مکاتب میں اسمبلی

ٹرسٹ جمعیت تعلیم القرآن کے مکاتب میں دن کا آغاز اسمبلی سے ہوتا ہے۔ اسمبلی کے آغاز میں تلاوتِ قرآن پاک اور بعد از تلاوت نظم یا نعت پڑھی جاتی ہے اور اللہ رب العزت کی بڑائی بیان کی جاتی ہے۔ دوران اسمبلی طلباء میں مکمل نظم وضبط ہوتا ہے۔ تمام طلباء کے سروں پر ٹوپی، رومال یا پگڑی ہونا لازم ہے۔ اسمبلی میں اساتذہ تمام طلبہ وطالبات کی صفائی چیک کرتے ہیں اور اگر کسی طالب علم کی صفائی ناقص ہو تو اُسے تنبیہ کرتے ہیں۔ اگر کسی کلاس میں طلباء وطالبات دونوں زیر تعلیم ہوں تو اسمبلی میں طلباء کو آگے کھڑا کیا جائے اور تھوڑے فاصلے پر طالبات کھڑی کی جاتی ہیں۔

## مکاتب میں اسمبلی کا مقصد



اسمبلی سے عموماً مکتب کے معیار کا پتہ لگ جاتا ہے۔ مکتب کی اسمبلی ایک غیر نصابی سرگرمی ہوا کرتی ہے۔ لیکن بڑی حد تک نصابی سرگرمیوں کے لیے معاون ہوتی ہے۔ مکتب اسمبلی کی اہمیت سے کسی بھی طور پر انکار ممکن نہیں۔ اسمبلی کا مقصد طلباء میں نظم وضبط، اتحاد اور اجتماعی شعور پیدا کرنا، اخلاقی اور سماجی اقدار سکھانا، خود اعتمادی اور تقریری صلاحیتیں بڑھانا، دینی اقدار پروان چڑھانا اور طلباء میں ملک قوم سے محبت کا جذبہ پیدا کرنا ہے، اسمبلی طلباء کو صحت مند سرگرمیوں میں شامل ہونے کا موقع فراہم کرتی ہے اور ایک مثبت تعلیمی ماحول بنانے میں مددگار رہوتی ہے۔

اسکے علاوہ اگر صدر مکتب نے طلبہ کے لیے کوئی خصوصی بات کرنی ہو یا خصوصی پیغام پہنچانا ہو تو ایک ہی وقت میں تمام مکتب کے طلبہ کو پیغام پہنچایا جاسکتا ہے اور طلبہ بھی کم وقت میں وہ پیغام وصول کر کے اس پر عمل کرنے کی کوشش کرتے ہیں، اس لیے کسی بھی مکتب، مدرسہ/ اسکول میں اسمبلی کو بہت زیادہ اہمیت حاصل ہے۔







# ٹرسٹ جمعیت تعلیم القرآن کے وفد کا سینٹرل جیل گوجرانوالہ کا دورہ

ٹرسٹ کی جیل کمیٹی کے کنویز محترم جناب مفتی احمد علی صاحب (امیر وفد) کی قیادت میں 8 رُکنی وفد نے جس میں محترم جناب میاں بدر عالم صاحب سیکرٹری ٹرسٹ جیل خانہ جات، جناب قاری محمد طیّب صاحب چیف انسپکٹر ٹرسٹ و دیگر رفقاء شامل تھے، 21 اگست 2025، صبح 9:30 بجے سینٹرل جیل گوجرانوالہ کا دورہ کیا۔

سپرنٹنڈنٹ جیل محترم جناب چوہدری اصغر علی صاحب نے ٹرسٹ کے وفد کو خوش آمدید کہا۔ وفد نے دو حصوں میں جناب مفتی احمد علی کے ہمراہ 3 ساتھی اور جناب میاں بدر عالم کے ہمراہ 3 ساتھیوں نے مختلف بیرکس و بلاکس کا دورہ کیا اور اسیران سے کلمے، نماز، وضو، غسل کے بارے میں سوالات کیے اور ناظرہ قرآن کریم، ترجمہ قرآن کریم اور حفظ القرآن کے اسباق سُنے جس پر اطمینان کا اظہار کیا۔ محترم جناب نوید رؤف صاحب D.I.G ریجن بھی جیل میں موجود تھے اِن سے ملاقات ہوئی وفد کا اکرام کیا گیا۔ جن 2 اسیران کا جرمانہ مبلغ -/1,075,000 روپے منظور کیا گیا تھا، اُن سے ملاقات کی۔ ایک قیدی ہمایوں حسن جس کی دامان، ارش، دیت کی رقم مبلغ -/2,105,792 روپے کی درخواست ٹرسٹ کو ملی تھی، جس کی سفارش D.I.G صاحب کی جانب سے موصول ہوئی تھی، اِن کی سفارش پر درخواست کی منظوری دے دی گئی۔

وفد نے جیل انتظامیہ اور معلمین ٹرسٹ سب کو خراج تحسین پیش کیا اس موقع پر محترم جناب ڈپٹی انسپکٹر جنرل صاحب، محترم سپرنٹنڈنٹ صاحب، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ صاحبان، معلمین / انسپکٹر ٹرسٹ کو تحائف دیئے۔ نیز معلمین / انسپکٹر ٹرسٹ کی حوصلہ افزائی کی اور ان میں نقد انعام بھی تقسیم کیئے۔ محترم جناب مفتی احمد علی صاحب نے دعا کرائی۔ تمام احباب نے وفد کو اپنی دعاؤں کے ساتھ الوداع کیا۔

اللہ سبحانہ وتعالیٰ تمام احباب کی کاوشوں کو اپنے ہاں اعلیٰ درجات میں قبول فرمائے۔ آمین


# تقسیمِ کلام مجید



الحمدللہ... تقریباً 5600، پندرہ سطری کلام مجید کچھ مخیر حضرات کی جانب سے ٹرسٹ کو عطیہ کیئے گئے۔

ان کلام مجید کو پنجاب، خیبر پختون خواہ اور گلگت بلتستان میں ٹرسٹ کے مکاتب، جیل مکاتب و مساجد میں تقسیم کیا گیا۔

حسبِ سابق ملک کے بعض مقامات پر شدید بارشوں اورسیلاب کی صورتحال کے پیشِ نظر ٹرسٹ کے محترم ٹرسٹی میاں احسن صاحب نے تمام ٹرسٹی صاحبان سے عطیات کے لئے اپیل کی اور 24,910,770/- روپے کی خطیر رقم سے بذریعہ بیت السلام ٹرسٹ امداد کی گئی۔











# متاثرینِ سیلاب

ملک کے بیشتر اضلاع میں سیلاب اور بارشوں کی تباہ کاریوں سے متاثر ٹرسٹ جمعیت تعلیم القرآن کے مکاتب اور اُن میں زیرِ تعلیم طلباء اور اساتذہ اکرم کے گھر بھی شامل ہیں۔ سیلاب سے قبل شدید بارشوں سے KPK کے اضلاع نوشہرہ، بونیر، سوات، صوابی کے معلمین متاثر ہوئے۔

اب پنجاب کے اضلاع ڈی جی خان، راجن پور، مظفر گڑھ، لیہ، لودھراں، بہاولپور، رحیم یار خان اور اسی طرح صوبہ سندھ کے متعدد اضلاع میں ٹرسٹ کے مکاتب سیلابی پانی سے متاثر ہوئے ہیں۔ جسکی وجہ سے مکاتب میں تعلیم القرآن کا سلسلہ عارضی طور پر منقطع ہے۔

Join whatsapp

## Online Bank Details

Title of A/C: Trust Jamiat Talim Ul Quran

Donate Now
Debit Dredit / Jazzcash

| Bank Name | Atiya | Zakat / Sadqa |
|---|---|---|
| Meezan Bank Ltd. | 0114-0100-208053 | 0114-0100208054 |
| Faysal Bank Ltd. | 3137-387000003242 | 3137-387000003241 |

ٹرسٹ جمعیت تعلیم القرآن
TRUST JAMIAT TALIMUL QURAN JTQ
+92 311 1133 587
info@jtq.edu.pk
jtqtrustofficial
JTQTrustOfficial
www.jtq.edu.pk
اندرون عالمگیر مسجد، عالمگیر روڈ، بہادر آباد، کراچی۔ فون 021-34932283 موبائل: 03334935824

# قرآن اسکولز
# 2727

| | |
|---|---|
| تکمیل حفظ | 357 |
| تکمیل ناظرہ | 3182 |
| تکمیل قاعدہ | 5688 |

| | |
|---|---|
| جدید داخلے<br>قاعدہ، ناظرہ، حفظ | 6761 |
| تربیتی کورس برائے معلمین و معلمات | کورسز 22 \| شرکاء 461 |

## اسیران جیل کی اصلاح و دینی تعلیم و تربیت

| | |
|---|---|
| جیلیں | 122 |
| جیل مکتب | 198 |
| زیر تعلیم اسیران | 78,706 |